ilmkidunya
علم کی دنیا

Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 11 Short Questions Preparation

Q1. تجارتی چکروں کی چار خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: تجارتی چکروں کے ادوار کے تمام شعبوں پر یکساں اثرات ظاہر ہوتے ہیں.

Ans 2: تجارتی چکر بین الاقوامی نوعیت کے ہوتے ہیں

Ans 3: تجارتی چکر کے ادوار کے درجہ میں فرق ہوتا ہے

Ans 4: تجارتی چکر کے مختلف ادوار ایک دوسرے کا تعاقب باقاعدہ وقفوں سے کرتے ہیں.

Q2. زری پالیسی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: زر کی رسد کو کنٹرول کرنے کےلیے مرکزی بنک جو اقدامات اختیار کرتا ہے اسے زری پالیسی کہتے ہیں

Q3. موسمی تغیرات کا نظریہ کس نےپیش کیا.

Ans 1: اس نظریہ کو پروفیسر جیونز اور پروفیسر ہنری پال مور نے پیش کیا.

Q4. مالیتی پالیسی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: حکومت کی آمدنی اور خرچ کی پالیسی کو مالیاتی پالیسی کہتے ہیں.

Q5. پروفیسر کینز کے الفاظ میں تجارتی چکر کی تعریف کریں.

Ans 1: تجارتی چکر اچھے تجارتی حالات مثلا قیمتوں کا چڑھنا اور بے روزگاری کی شرح میں کمی اور برے تجارتی حالات مثلا قیمتوں کا گرنا اور بےروزگاری کی شرح میں اضافہ پر مشتمل ہوتاہے.

Q6. تجارتی چکروں کا جدت و اختراع کا نظریہ کس نے پیش کیا.

Ans 1: اس نظریہ کو پروفیسر شمپٹر نے پیش کیا.

Q7. گرم بازاری کے دور کی خصوصیات بیان کریں.

Ans 1: اس دور میں قومی پیداوار لوگوں کی آمدنیاں، اجرتیں ،منافع، قیمتیں ، روزگار اور عوام کا معیار زندگی تمام بلند سطح پر پہنچ جاتے ہیں.

Q8. آسراع کے تصور سے کیا مراد ہے.

Ans 1: آمدنی میں اضافہ سے سرمایہ کاری میں کئی گنا اضافہ ہوجاتا ہے اور آمدنی میں کمی سے سرمایہ کاری میں کئی گنا کمی ہوجاتی ہے. آمدنی میں تبدیلی سے جتنے گنا سرمایہ کاری میں تبدیلی ہوتی ہے اسے اسراع کہتے ہیں.

Q9. تجارتی چکروں کا کمتر صرف اور زائد بچت کا نظریہ کس نے پیش کیا.

Ans 1: تجارتی چکروں کا کمتر صرف یا زائد بچت کا نظریہ ہالسن فوسٹر، کجنگو اور ڈگلس نے پیش کیا.

Q10. تجارتی چکروں کا نفسیاتی نظریہ کس نے پیش کیا.

Ans 1: اس نظریہ کو پیگو اور بیگوٹ نے پیش کیا.